www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


ولو طلعت شمس الهدى من مطالع — فأوراتها ويحكم لا ضياءكم
وما كان شرح الصدر للصدر شأنها — بل ان زاد منه في الصدور صداءكم
وبازغة لا ضوء فيها اذا بدت — واظلم منها كالليالي ذكاءكم
وسلمكم مما يفيد تسفلا — وليس به نحو العلو ارتقاءكم
فما علمكم يوم المعاد بنافع — فيا ويلتي ماذا يكون جزاءكم
اخذتم علوم الكفر شرعا كانما — فلاسفة اليونان هم انبياءكم
مرضتم فزدتم علة فوق علة — تداووا بعلم الشرع فهو دواءكم

صحاح حديث المصطفى وحسانه
شفاء عجيب فليزل منه داءكم

(مقدمہ تحفۃ الاحوذی)
(باقی آئندہ)

---

مولانا عبدالرحمٰن عاجزؔ

# اطاعتِ حق

اللہ کا جو تابعِ فرماں نہیں ہوتا — انساں حقیقت میں وہ انساں نہیں ہوتا
بے کیف ہے یہ جلوہ گہِ حسن و محبت — پروانہ اگر شمع پہ قرباں نہیں ہوتا
مومن کسی انساں کو پریشاں نہیں کرتا — مومن کسی انساں سے پریشاں نہیں ہوتا
لٹتے ہیں سدا عزت و ناموس اسی کے — آپ اپنی جو عزت کا نگہباں نہیں ہوتا
پیغمبرِ برحق کی احادیث کا منکر — واللہ! کبھی صاحبِ ایماں نہیں ہوتا
انجامِ گلِ تر سے جو واقف ہے چمن میں — وہ دل کبھی مانوسِ بہاراں نہیں ہوتا
اس شب مہ و انجم بھی چراغاں نہیں کرتے — جس شب مری پلکوں پہ چراغاں نہیں ہوتا

عاجزؔ کبھی ایماں کی تکمیل نہ ہو گی،
جب کہ رہِ حق میں تو قرباں نہیں ہوتا

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ